علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلامیات (9401) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر 1-4)

سوال نمبر1۔ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ نیز بتائیں کہ حضرت محمد ﷺ کے ہم مسلمانوں پر کیا حقوق ہیں؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ فضائل قرآن پر جامع نوٹ لکھیں۔ نیز حدیث اور سنت کی اہمیت واضح کریں۔ انبیاء علیہم السلام کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ عقیدہ توحید اور عقیدہ رسالت پر جامع نوٹ لکھیں۔ نیز بتائیں کہ عقیدہ آخرت کے ثبوت میں قرآن نے کیا دلائل پیش کیے؟ تفصیلا لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ دین، مذہب، اسلام، عقیدہ اور ایمان پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورۃ الحجرات اور سورۃ الفرقان کا ترجمہ اور مشکل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر 5-9)

سوال نمبر1۔ حضور ﷺ کی سیرت کے چیدہ چیدہ واقعات ذکر کریں۔ خطبہ حجۃ الوداع کو اسلامی منشور کہا جاتا ہے، وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ اسلامی عبادات پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلام کی اخلاقی اقدار اور اسلامی معاشرے کے بنیادی اوصاف کیا ہیں؟ تفصیلا لکھیں۔ نیز شرف انسانیت اور وحدت انسانیت کے اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اسلام میں فقر وفاقہ کو ختم کرنے اور انفرادی و قومی معیشت کے استحکام کے لیے کیا حکم ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ اشاعت علوم میں مسلمانوں کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)